جھنگ میں طالبہ کے ساتھ زیادتی اور ہلاکت کے مقدمہ کا نوٹس، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے کیس کو ہائی پروفائل قرار دے دیا

لاہور :پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے ضلع جھنگ میں طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی اور بعد ازاں دورانِ علاج وفات پانے کے افسوسناک واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے مقدمہ کو ہائی پروفائل قرار دے دیا ہے۔ واقعہ کی سنگینی اور عوامی اہمیت کے پیش نظر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے مقدمہ کا مکمل ریکارڈ اور تفتیشی افسر کو فوری طور پر طلب کر لیا ہے۔
ابتدائی اطلاعات کے مطابق ملزمان نے ایک طالبہ کو مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنایا اور بعد ازاں اسے تشویشناک حالت میں ہسپتال چھوڑ کر موقع سے فرار ہو گئے۔ متاثرہ طالبہ شدید زخمی حالت میں زیر علاج رہی تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی۔پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کی ہے کہ مقدمہ کی تفتیش ہر پہلو سے میرٹ، شفافیت اور قانونی تقاضوں کے مطابق مکمل کی جائے اور تمام دستیاب شواہد کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کے خلاف مضبوط اور مؤثر مقدمہ تیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں اور قانون کے مطابق ان کا کڑا احتساب یقینی بنایا جائے گا۔سید فرہادعلی شاہ نے واضح کیا کہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ مقدمہ کی مسلسل نگرانی کرے گا اور تفتیشی اداروں کے ساتھ مکمل رابطے میں رہتے ہوئے اس امر کو یقینی بنائے گا کہ متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم معاشرے کے لیے انتہائی تشویش ناک ہیں اور ایسے مقدمات میں انصاف کی بروقت فراہمی ریاست کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔
پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ مقدمہ کی پیش رفت سے باقاعدگی سے آگاہ رکھا جائے اور شواہد کی بنیاد پر ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی وسائل بروئے کار لائے جائیں